(6 pages)

MAY 2024 **U/ID 33276/ULF1A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

SECTION A – (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

۱۔ ''سیر پہلے درویش کی'' کس کا لکھا ہوا مضمون ہے؟

۲۔ ہزاروں برس اپنی قوم کے ہاتھوں مصیبت جھیلنے والے نبی سے کون مراد ہیں؟

۳۔ مرزا غالبؔ کے مکان کے پاس کس قسم کے لوگ پڑے رہتے تھے؟

۴۔ زبیدہ خاتون کس خلیفہ کی بیگم تھی؟

۵۔ پطرس بخاری کے پڑوسی کا نام کیا تھا؟

۶۔ حاتم کی تلاش پر نوفل نے کیا انعام مقرر کیا تھا؟

۷۔ سرسید نے کیا تخلص اختیار کیا تھا؟

۸۔ نور جہاں کس مغل شہنشاہ کی ملکہ تھی؟

۹۔ خط کے اجزاء کیا کیا ہیں؟

۱۰۔ نواب محمود کو کس صنف سخن میں شہرت حاصل تھی؟

۱۱۔ خط میں تاریخ کہاں لکھی جاتی ہے؟

۱۲۔ پطرس بخاری نے بائسیکل کتنے روپے میں خریدی تھی؟

SECTION B – (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے سوالوں میں سے کسی پانچ اقتباسات کی بحوالہ متن تشریح کیجئے۔

۱۳۔ ''ایک رات کی جان جنگل میں پڑی روتی تھی۔ تھک جاتی تو ہاتھ چوسنے لگتی تھی مگر قسمت سرہانے کھڑی ہنستی تھی کہ جلدی نہ کر جس محل میں تجھے ملکہ بنا کر بٹھانا ہے، وہ ابھی تعمیر نہیں ہوا۔''

۱۴۔ ''اس طرح بیٹھ کر مفت میں روٹیاں توڑتے رہنے سے دنیا والے طعن و تشنیع کریں گے کہ باپ کی دولت کھوکر بہنوئی کے ٹکڑوں پر آپڑا ہے۔''

۱۵۔ ''غرض آدمی کا شیطان آدمی ہے، ہر دم کہنے
سننے سے اپنا بھی مزاج بہک گیا۔''

۱۶۔ ''بھئی جیسے تمہاری مرضی میں تو اب بھی یہی
کہتا ہوں کہ قیمت و یمت جانے دو، لیکن میں
جانتا ہوں کہ تم نہ مانو گے۔''

۱۷۔ ''تاریخ میں بمشکل کوئی ایسا خاندان نظر آئے گا
جو اس طرح کئی پشتوں تک اپنی قدر و منزلت کو قائم
رکھے ہوئے علم و ادب کی زرین خدمات کرتا چلا
جا رہا ہو۔''

۱۸۔ ''اب جو کھڑکی میں سے آسمان کو دیکھتے ہیں
تو جناب ستارے ہیں کہ جگمگا رہے ہیں۔''

۱۹۔ ''وہ اپنے دوستوں کے ساتھ جو گردشِ روزگار
سے بگڑ گئے تھے، نہایت شریفانہ طور سے سلوک
کرتے تھے۔''

SECTION C – (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
جواب پانچ سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

۲۰۔ سرسید کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

۲۱۔ ملکہ نور جہاں کے حالات زندگی پر روشنی ڈالئے۔

۲۲۔ ''سیر پہلے درویش کی'' کا خلاصہ بیان کیجئے۔

۲۳۔ محلّہ میں پھیلی ہوئی گندگی کو دور کرنے کے لئے حکام سے درخواست دیتے ہوئے ایک خط لکھئے۔

۲۴۔ کالج کی فیس کی ادائیگی کے لئے رقم کا مطالبہ کرتے ہوئے اپنے والد کے نام ایک خط لکھئے۔
